Rampur State Gazette

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

عطائے داور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری قوانین (۱) "مرتبہ قانون خیشگر" (۲) "مرتبہ قانون آبکاری" (۳) "قانون حفظان صحت دیہات" (۴) "ترمیم قانون انسداد آمیزش اشیاء خوردنی" (۵) "ترمیم قانون کمپنی" (۶) "ترمیم قانون سرٹیفکیٹ ایصال زرقرضہ" (۷) "قانون حصول اراضی" (۸) "قانون اشخاص وکالت پیشہ"	۲
۲	منظوری "دستور العمل تقسیم تخم، کھاد و آلات وغیرہ از سیڈ اینڈ امپلیمنٹ ایڈوانس فنڈ محکمہ زراعت"	۲ تا ۳
۳	منظوری سشر التعا ملازمت ڈاکٹر حنیف الرحمن میڈیکل آفیسر اسپورٹ اسٹیٹ فورسز	۳
	متفرق احکام اجلاس ہمایوں	۳ تا ۴

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری اضافہ گریڈ بتنخواہ مسٹر محمد مسلم خاں ۔ ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار — واقع ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۹ء

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

بموجب عرضداشت منسلکہ قوانین مندرجہ ذیل کی منظوری دیجاتی ہے۔

(۱) مرمتہ قانون بینکنگ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۲) مرمتہ قانون آبکاری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۳) قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۴) مرمتہ قانون انسداد آمیزش اشیاء خوردنی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۵) مرمتہ قانون کمپنی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۶) مرمتہ قانون سرٹیفکیٹ ایصال زر قرضہ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۷) قانون حصول آراضی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۸) قانون اشخاص وکالت پیشہ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۹ء کے گزٹ میں شائع کی جائے۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — می رساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ اکتوبر ۱۹۳۹ء میں قوانین مندرجہ ذیل پاس کردہ کمیٹی واضع قوانین پیش ہو کر تجویز ہوا کہ قوانین محولہ بالا حسب ضابطہ منظوری حضور عالی میں پیش کئے جاتے ہیں۔

۱ - مرمتہ قانون بینکنگ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۲ - مرمتہ قانون آبکاری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۳ - قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۴ - مرمتہ قانون انسداد آمیزش اشیاء خوردنی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۵ - مرمتہ قانون کمپنی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۶ - مرمتہ قانون سرٹیفکیٹ ایصال زر قرضہ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۷ - قانون حصول آراضی ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
۸ - قانون اشخاص وکالت پیشہ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

بنا برآں ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری قوانین متذکرہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دولت خداداد عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۹ء

روبکار — واقع ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۹ء

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

بموجب عرضداشت منسلکہ دستور العمل تقسیم تخم و کھاد و آلات وغیرہ از سیڈ اینڈ امپلیمنٹ ایڈوانس فنڈ محکمہ زراعت کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء کے گزٹ میں شائع کیجائے۔

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی رپورٹ ہے۔
کہ مسودہ "دستور العمل تقسیم تخم و کھاد و آلات وغیرہ
از سیڈ اینڈ ایمپلیمنٹ ڈپو" اس قدر محکمہ زراعت مشکہ
ذوالعزیہ صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت پر کافی غور و خوض
کیا گیا۔ چونکہ فوائد استعمال ترقی دادہ تخم و کھاد و آلات
سے دیہاتی رعایا بالکل ناواقف ہے اس لئے مناسب معلوم
ہوتا ہے کہ مثل گورنمنٹ یو۔پی۔ ان اشیاء کی تقسیم
اور وصولیابی مطالبات کے لئے ایسی رعایتیں قواعد
میں رکھی جائیں کہ تقسیم تخم وغیرہ عام پسند ہو جائیں۔
ان کے عام پسند ہونے سے ریاست خواہ کاشتکاران
دونوں کو فائدہ ہے۔ دستور العمل مذکور منظور فرمایا جائے
کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء میں دستور العمل
مجوزہ سے اتفاق کر لیا ہے۔

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں
ترقی خواہ مستدعی ہے کہ دستور العمل تقسیم تخم و کھاد و آلات
وغیرہ کی منظوری کا حکم پیشگاہ والا سے شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۲۹ء

ذکر بکار:- تاریخ ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء

(دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات مشکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب عرضداشت
ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن ہیڈ میڈیکل آفیسر رامپور اسٹیٹ فورسز کی
شرائط ملازمت حسب تفصیل ذیل منظور کی جاتی ہیں۔

(۱) ابتدائی تنخواہ مبلغ دوسو پچاس روپیہ ماہانہ ہوگی
اور رینک "لفٹنٹ" رہے گا۔
پہلے سال کی ملازمت عارضی قرار دیجائے گی۔
دس روپیہ سالانہ ترقی رہے گی۔

(۲) چھ سال کی ملازمت کے بعد "کپتان" رینک پر
ترقی دیجائے گی۔ دس روپیہ سالانہ ترقی تنخواہ
میں ہوگی۔

(۳) بارہ سال کی ملازمت کے بعد میجر رینک پر ترقی دیجائیگی
دس روپیہ سالانہ تنخواہ میں اضافہ ہوگا

(۴) اٹھارہ سال کی ملازمت کے بعد لفٹنٹ کرنل" رینک
پر ترقی دیجائے گی۔ پندرہ روپیہ سالانہ تنخواہ
میں اضافہ ہوگا۔ لیکن انتہائی تنخواہ پانچ سو
روپیہ ماہوار سے تجاوز نہ کرسکے گی۔

(۵) ایکسٹرا سروس پر سو روپیہ ماہوار الاؤنس
ملے گا۔ یہ الاؤنس تنخواہ کا جزو متصور ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری ہو۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو۔

حکم :- واقع ۲۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

در کیفیت یادداشت عالیرتبت صاحب چیف
منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری
رخصت باوسط سالم تنخواہ یاردیوم مطلوبہ
عالیرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر از ۲۹؍ اکتوبر
تا ۸؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء مع اجازت ایام تعطیلات بابت
از ۱۰ تا ۱۷؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء بغرض روانگی بمبئی
بضروریات ذاتی حسب استحقاق معہ دفعہ
فائنانس بدیں صراحت کہ زمانہ رخصت میں بجائے
مسٹر جسٹس معین الدین انصاری صاحب بہادر علاوہ
اپنے کام کے عالیرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر
کے اجلاس کا کام بھی انجام دینگے۔

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدور سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار :- واقع ۲۶؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

بنظر مناسب و مصالح انتظامی حسب ذیل احکام صادر
کئے جاتے ہیں۔
(۱) اسٹیٹ پریس ماتحتی صاحب پرائیویٹ سکریٹری
بہادر مسٹر کریم الدین سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج سے متعلق کیا جاتا
ہے۔
(۲) بدولت و اقبال کا منشا ہے کہ رامپور میں
ایک مرکزی ورکشاپ قائم کیا جائے جسمیں تمام محکموں
کی ضروریات پوری ہوسکیں۔ نیز جہان پرائیوٹ آرڈر

کی بھی تعمیل ہوسکے۔ اور تجارتی پیمانہ پر بھی کام
کیا جاسکے۔ اس ورکشاپ میں رامپور کے موزوں
نوجوانوں کو میکنکل تعلیم بھی دیجائیگی۔ سردست جو
موزوں مشینیں مختلف محکمہ جات مثلاً واٹر ورکس، بجلی گھر
چراغ اور دفاتر میں موجود ہیں۔ وہ وہاں سے منتقل
کیجاسکتی ہیں۔ صیغہ ورکشاپ ماتحتی صاحب
پرائیویٹ سکریٹری بہادر مسٹر کریم الدین سپرنٹنڈنٹ
گیراج سے متعلق رہیگا۔ اس ورکشاپ کے متعلق مفصل
اسکیم صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر مرتب
کرکے پیش کریں۔ اسٹیٹ پریس اور مرکزی
ورکشاپ کے صیغوں کے منسٹر انچارج عالیرتبت
صاحب چیف منسٹر بہادر ہونگے۔
(۳) صیغہ سررشتہ صدور مع محافظ خانہ جات متعلقہ
ماتحتی عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر و صاحب
پرائیوٹ سکریٹری بہادر سے متعلق کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اس
روبکار کی ایک ایک نقل جملہ عالیرتبت منسٹر صاحبان
بہادر اور جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس
بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے

بدستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر اِن کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر اِن کونسل رامپور اسٹیٹ — مورخہ ۱۹ اکتوبر ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۹ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بابت منظوری اضافہ گریڈ عہ روپیہ ماہوار تنخواہ مسٹر محمد اسلم خاں ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ از یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء۔

پیش ہو کر طے پایا کہ۔

حسب استحقاق معتمد صیغہ فائنانس۔ مسٹر محمد اسلم خاں ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ کو یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء سے عہ ماہوار اضافہ گریڈ دیا جانا منظور ہے۔ رقم بجٹ میں منظور ہو چکی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

دستخط صاحب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل۔